© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرہ

## معرکہ سُنّت و بدعت ۲ حصہ    تالیف : محمّد اشفاق حسین۔

قیمت : ہر دو حصہ ۔/۱۵+ ۔/۱۰ روپے (ہندوستانی)

ملنے کا پتہ : محمد اشفاق حسین صدر مجلس احیائے توحید و سُنت ۱۷، ۵، ۳۸۶ الاوا، بی۔بی حیدرآباد۔ ۲۳ (انڈیا)

حیدرآباد دکن معروف جگہ ہے، مجلس احیائے توحید و سنت جسکا ماٹو "ان الشرک لظلم عظیم" والی قرآن کی مشہور آیت ہے اس کے صدر جناب محمد اشفاق حسین کے قلم سے یہ کتاب ہے جو مجموعی طور پر ۳۲۰ + ۱۷۶ صفحات پر مشتمل ہے، کتاب کا ظاہری حسن و جمال، کتابت و طباعت اور گٹ اپ وغیرہ بہت مناسب اور دلکش ہے لیکن اسکا جو موضوع ہے وہ بڑا ہی قابلِ قدر ہے، اس لیے ہم نے اس کو بڑی توجہ اور انہماک سے پڑھا۔ فاضل مؤلف نے ٹائیٹل کے صفحہ پر کتاب کے نام سے نیچے جو لکھا اس سے ساری بات سامنے آجاتی ہے یعنی "بدعت کی باطل تقسیم "حسنہ" کے خلاف ایک عظیم کتاب" اور اندرونی ٹائیٹل کا سرنامہ ہے

"سُنت کے اثبات، بدعت کی باطل تقسیم اور تحریف دینی کے خلاف مدلّل، مفصّل اور فیصلہ کن کتاب" اس حقیقت سے تو عام مسلمانوں کو بھی واقفیت ہوگی کہ ہمارے لیے یا بالفاظ دیگر اُمت مسلمہ کے لیے اصل سر چشمۂ نجات قرآن و سنت ہے، سنت نام ہے اللہ تعالیٰ کے آخری رسُول کے طریق زندگی و رہنمائی کا، لیکن بُرا ہو شیطان لعین کا کہ اس نے جس طرح توحید ربانی کے مقابلہ میں شرک کا اڈہ جمایا اسی طرح سنت کے مقابل بدعت کا کھونٹا گاڑا بدعت کہتے ہیں دین کے نام پر ہر کسی نئی چیز کا اختراع حدیث پاک میں اس کو گمراہی و ضلالت سے تعبیر کیا گیا اور ضلالت و گمراہی کو جہنم کا باعث بتلایا گیا، بدعتی کی تعظیم و توقیر کو نبی علیہ السلام نے سخت ناپسند کیا اور اسے دینی بنیادوں کو ڈھانے سے تشبیہ دی، اس سختی اور شدت کا سبب علماء کے نزدیک یہ ہے کہ بدعتی تکمیل دینی کے قرآنی عقیدہ کے خلاف عملی اقدام کرتا ہے، اور یہی سبب ہے کہ علماء نے اس کے متعلق لکھا کہ وہ توبہ اور انابت سے محرُوم رہتا ہے، کیونکہ توبہ کا احساس اور پھر اس کے لیے عملی سعی وہ کرتا ہے جسے گناہ کا احساس ہو جو ایک باطل اور غلط چیز کو دین سمجھے وہ کاہے

© rasailojaraid.com